Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

19 دسمبر 2013

برائے رابطہ: کورینہ سینڈرز، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے سندھ پولیس کو 48 گاڑیاں فراہم کردی گئیں

کراچی۔امریکی قونصل خانے اور محکمہ خارجہ کے 'بیورو آف انٹرنیشنل نارکاٹکس اینڈ لا انفورسمنٹ' (INL) کی جانب سے سندھ پولیس کو 48 گاڑیاں حوالے کرنے کی تقریب منعقد کی گئی۔ان گاڑیوں کے ذریعے کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں کے حساس علاقوں میں قیام امن کیلیے سندھ پولیس کی کوششوں میں مدد ملے گی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کراچی میں متعین قائم مقام امریکی قونصل جنرل انوپرا تیپتی نے کہا کہ 'مجھے خوشی ہے کہ امریکی حکومت امن وامان کے قیام کیلیے سندھ پولیس کو تعاون فراہم کررہی ہے۔2011 سے جاری اس منصوبے کے ذریعے سندھ پولیس کو دو کروڑ ڈالر مالیت کا ساز وسامان، تربیت اور بنیادی ڈھانچے کے قیام کیلیے معاونت فراہم کی جارہی ہے۔'

قائم مقام امریکی قونصل جنرل کے علاوہ انسپکٹر جنرل سندھ پولیس شاہد ندیم بلوچ اور INL کے کنٹری ڈائریکٹر جان ہنیسی نیلاڈ نے بھی تقریب میں شرکت کی۔امریکی حکومت کی جانب سے سندھ پولیس کو فراہم کی جانے والی دیگر معاونت میں بکتر بند گاڑیاں، فارنزک تحقیق کیلیے ساز وسامان، بلٹ پروف جیکٹس، ہیلمٹس، تھرمل امیجنگ ڈیوائسز اور گاڑیوں کیلیے GPS ٹریکر شامل ہیں۔اس کے علاوہ اہلکاروں کی بہتر تربیت کیلیے جدید نصاب کی تیاری اور 2010 کے خودکش دھماکے میں تباہ ہونے والے تحقیقاتی مرکز کی عمارت اور تین خواتین پولیس اسٹیشنز کی تعمیر میں بھی تعاون فراہم کیا جارہا ہے۔

###